BRAMPTON Service and Information Update

# سٹی آف برامپٹن نے اپنی کمیونٹی کی فلاح و بہبود کو برقرار رکھنے کے لیے شور کے حوالے سے اپنے ضمنی قانون میں ترمیم کر دی ہے

برامپٹن، آن (4 اکتوبر 2023) – برامپٹن کو ایک صحت بخش اور محفوظ کمیونٹی کے طور پر برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کو آگے بڑھاتے ہوئے، برامپٹن نے بہت زیادہ شور، مضر صحت گیسوں کے اخراج اور اخراج کو کنٹرول کرنے کے اپنے نظام میں بہتری لانے کی غرض سے پبلک نوئسنس بائی لاء 2018-136 میں ترمیم کر دی ہے۔

پبلک نوئسنس کے ضمنی قانون 2018-136 میں کی جانے والی ترامیم میں درج ذیل شامل ہیں:

- ایسے مفلر یا دیگر آلات جو اونچی آواز میں دھماکہ خیز یا غیر معقول آوازیں نکالنے کا سبب بنتے ہیں، لگانے کی ہر گز اجازت نہیں ہے، بشمول ترمیم شدہ مفلر یا ایگزاسٹ سسٹم۔
- پاور ڈیوائسز، جیسے لان موورز، گراس ٹرمرز، ڈرلز، سینڈرز، گرائنڈرز یا اسی طرح کے دیگر کوئی بھی آلات رہائشی علاقوں میں رات 9 تا صبح 7 بجے کے درمیان دروازے سے باہر استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہو گی، جبکہ بروز ہفتہ، اتوار اور سرکاری تعطیلات کے دوران یہ پابندی صبح 9 بجے تک نافذ رہے گی۔
- تمام رہائشی علاقوں میں رات 9 تا صبح 7 بجے کے درمیان کسی بھی قسم کی کوئی موٹر وہیکل، موٹر بوٹ، آؤٹ بورڈ موٹر یا کسی بھی قسم کی تفریحی گاڑی کی مرمت، دوبارہ تعمیر، ترمیم یا جانچ کرنے کی اجازت نہیں ہو گی، جبکہ بروز ہفتہ، اتوار اور سرکاری تعطیلات کے دوران یہ پابندی صبح 9 بجے تک نافذ رہے گی۔

سٹی آف برامپٹن انفورسمنٹ اور بائی لا سروسز کا عملہ اس ضمنی قانون کو نافذ کرنا جاری رکھے گا، جبکہ پیل ریجنل پولیس اور اونٹاریو کی صوبائی پولیس *ہائی وے ٹریفک ایکٹ* کے تحت سڑکوں (شہر کی اندرونی یا مضافاتی سڑکیں) پر موجود کسی بھی قسم کی چلنے والی، رکی ہوئی یا عارضی طور پر ٹھہری ہوئی گاڑیوں کی تحقیقات کرنے کی اپنی ذمہ داری کو برقرار رکھے گی۔

رہائشیوں، وزیٹرز اور کاروباری اداروں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ ترمیم شدہ بائی لاء کا بغور جائزہ لیں اور اپنے کسی بھی قسم کے سوالات کے لیے برامپٹن 311 ایپ (ایپ اسٹور یا گوگل پلے پر دستیاب ہے) استعمال کریں، www.311brampton.ca ملاحظہ کریں یا 311@brampton.ca پر ای میل بھیجیں۔

**لنکس**

ترمیم شدہ ضمنی قانون کا جائزہ لینے کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں: پبلک نوئسنس بائی لاء 2018-136 (متحدہ ورژن) (brampton.ca)

پروجیکٹ نوئیز میکر (Project Noisemaker) کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں: پیل ریجنل پولیس (peelpolice.ca)

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca